۲۰

# خواص دھنیا

استاذ الحکماء حکیم محمد عبداللہ

ادارہ مطبوعاتِ سلیمانی

رحمان مارکیٹ ۰ غزنی سٹریٹ ۰ اُردو بازار ۰ لاہور

Facebook | کتب خانہ طبیب

Qureshi

# ترتیب


| باب نمبر | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | تعارف ........ | ۳ |
| ۲ | سر کی بیماریاں ........ | ۵ |
| ۳ | آنکھوں کی بیماریاں ........ | ۱۴ |
| ۴ | ناک اور کان کی بیماریاں ........ | ۱۶ |
| ۵ | گلے اور سینہ کی بیماریاں ........ | ۲۰ |
| ۶ | معدہ اور آنتوں وغیرہ کی بیماریاں ........ | ۲۲ |
| ۷ | دل کی بیماریاں ........ | ۲۸ |
| ۸ | مردوں کی خاص بیماریاں ........ | ۳۰ |
| ۹ | مثانہ اور مقعد کی بیماریاں ........ | ۳۴ |
| ۱۰ | متفرقات ........ | ۳۵ |



ناشر عبدالوحید سلیمانی

مطبع سپرا پرنٹرز لاہور

بیسواں ایڈیشن جولائی ۱۹۹۵ء

قیمت 16/=




# تعارف

## مختلف نام:

| | | |
|---|---|---|
| اُردو - دھنیا | بنگلہ - دھنے | سندھی - کوتھمیر |
| سنسکرت - دھنیاک | مرہٹی - کوتم بیر | گجراتی - دھانا |
| سرائیکی - دھانی | کرناٹکی - کوتم بری | فارسی - کشنیز |
| عربی - کزبرہ - جلجلان | — | یونانی - فیطمون |

لاطینی - کوری اینڈرم سیٹی وم + انگریزی - کوری انڈر CORIANDER

## ماہیت:

یہ ایک مشہور و معروف چیز ہے۔ جو کہ پاکستان اور ہندوستان میں تقریباً ہر گھر میں برتی جاتی ہے۔ اس کو مرچوں کی تیزی رفع کرنے کے لیے شامل کر لیا جاتا ہے۔ دوسرے فوائد سے بہت کم لوگ آگاہ ہیں۔

## موسم پیدائش:

زمیندار لوگ اس کو اساڑھی کے ساتھ بوتے ہیں۔ جو چنے و گندم وغیرہ کے ساتھ نشوونما پا کر ساتھ ہی پک جاتا ہے۔

## پتے:

اس کے پتے کٹوریں اور باریک ہوتے ہیں۔ جوں جوں پیڑ بلند ہوتا جاتا ہے۔ پتے باریک ہوتے جاتے ہیں۔ اس کے پتوں میں نہایت اعلیٰ درجہ کی خوشبو اور مزہ

Qureshi

ہوتا ہے۔ اسی لیے اس کو گوشت میں بریاں کرتے وقت ڈالتے ہیں جس سے سالن کا مزہ بہت عمدہ ہو جاتا ہے۔ اس کے سبز ساگ کو کوتھمیر کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ کتاب میں سبز دھنیے کے بھی بہت سے فوائد بیان کیے ہیں۔ اس سے مراد بھی کوتھمیر ہے۔

**پھول** :۔ ننھا سا اور چھتری دار ہوتا ہے۔ جو کہ سوئے کی چھتری سے چھوٹا اور رنگ کا سفید ہوتا ہے۔

**تخم** :۔ اس کے بیج کو کشنیز یا دھنیا کہتے ہیں۔ جو کہ قریباً گول دانہ سا ہوتا ہے اوپر کی جانب ٹوپی اور دندانے ہوتے ہیں۔ رنگ عموماً بھورا زردی مائل یا سبز ہوتا ہے۔

**طبیعت** :۔ دوسرے درجہ میں سرد خشک ہے۔ بعض کے نزدیک سرد دوسرے درجہ میں اور خشک تیسرے درجہ میں۔

**مقدار خوراک** :۔ پتوں کی خوراک ۴ تولہ سے زیادہ کسی صورت میں نہ ہونی چاہیے۔ اور رس ۲ تولہ سے زیادہ نہ ہو۔ بیجوں کی خوراک ۱ تولہ سے کسی طرح زیادہ نہ لینی چاہیے۔

**مضر** :۔ زیادہ استعمال سے منی کم پیدا ہوتی ہے۔ سر میں چکر اور نسیان پیدا ہو جاتا ہے۔ مصلح شہد۔



# سر کی بیماریاں

سر کی بیماریاں بہت ساری ہیں۔ لیکن ہم یہاں ان ہی بیماریوں کا ذکر کریں گے جن کے لیے کشنیز یعنی دھنیا مفید ثابت ہوتا ہے۔ کسی ایسے موقعہ پر گھر والوں کو تکلیف ہو جائے تو استعمال کر کے فائدہ حاصل کریں۔

## سر درد

سر درد بے شمار قسم کا ہوتا ہے۔ جن کا ذکر طب کی کتابوں میں ملتا ہے۔ لیکن نیچے ایسے نسخہ جات بیان کیے جاتے ہیں۔ جو کہ اکثر اس سر درد کو گرم چیزوں کے استعمال یا دھوپ میں چلنے پھرنے یا زیادہ آگ کے پاس بیٹھنے سے پیدا ہوا ہو مفید ہیں۔

(۱)

**ھو الشافی** :۔ اگر سبز کشنیز کا موسم ہو تو اس کے پتے (کوتھمیر) کوٹ کر پانی نکالیں۔ اور جب کسی کو گرمی کی وجہ سے سر میں درد ہو رہا ہو تو اس کے چند قطرے ناک میں ٹپکا دیں۔ نیز اس کے پتوں کو گھوٹ کر پیشانی اور کنپٹیوں پر لیپ کریں بفضلہ آرام ہو گا۔

(۲)

**ھو الشافی** :۔ دھنیا ۶ ماشہ۔ آملہ ۳ ماشہ۔ رات کو مٹی کے کورے کوزہ میں پاؤ بھر پانی ڈال کر بھگو دیں اور صبح مل چھان کر مصری ملا کر پلا دیں۔ اور ساتھ ہی دھنیا میں پانی ملا کر گھوٹیں جب بہت باریک ہو جائے تو پیشانی اور کنپٹیوں پر لیپ کر دیں۔

Qureshi

گرمی والے دردِ سر کو بہت مفید ہے۔

(۳)

مندرجہ ذیل نسخہ صفراوی سر درد کے لیے نافع ہے۔ اگر دماغ کی سمت بخارات اُٹھتے ہوئے محسوس ہوں۔ اور سر چکرانے لگے تو انہیں درج ذیل نسخہ استعمال کرائیں۔

ھُوالشافی :۔ تخم دھنیا کو باریک پیس کر ہم وزن چینی شامل کریں اور بوقت ضرورت ۶ ماشہ ہمراہ شربت گلاب ایک گلاس پی لیں۔ ان شاء اللہ صفراوی سر درد دور ہو جائے گا۔

### (۴) اطریفل کشنیز :

ھُوالشافی :۔ پوست ہلیلہ زرد، ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ کابلی، پوست بلیلہ، آملہ مغز کشنیز ہر ایک ۵ تولہ۔ تمام اشیاء خوب باریک کر کے روغن بادام یا گھی میں چرب کر کے سہ چند شہد خالص یا چینی کے قوام میں اطریفل تیار کریں۔ ایک ماہ تک دانہ گندم کے انبار میں رکھیں تاکہ خمیر ہو جائے۔

مقدار خوراک :۔ ۶ ماشہ تا ایک تولہ۔

فوائد :۔ دردِ سر، نزلہ و زکام، ضعف دماغ، بدہضمی، قبض، دردِ شکم، خرابی خون اور دیگر خونی امراض، پھوڑے پھنسیاں کے لیے بے حد مفید ہے۔

### (۵) اطریفل کشنیزی مزعفر :

دردِ سر، سوزشِ دماغ، سر چکرانا کے لیے مفید ہے۔

ھُوالشافی :۔ کشنیز خشک چار تولہ، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ، آملہ، گل سرخ، تخم خشخاش، گاؤزبان ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ سفوف بنا کر روغن بادام سے چرب کر کے چینی سولہ تولہ، شہد خالص آٹھ تولہ، زعفران ۴ [illegible] گلاب ۴ تولہ میں حل کر کے قوام میں شامل کریں اور پھر سرد ہونے پر قوام مذکور سفوف ملا کر



رکھ لیں۔

خوراک :۔ تین ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان استعمال کریں۔

### (۶) سفوف اکسیر الفوائد :

تمام اقسام کے دردِ سر کے لیے مفید ہے۔ دماغ و معدہ کو قوت دیتا ہے۔ بلغم کو دور کرتا ہے۔ آنکھوں میں روشنی پیدا کرتا ہے اور آنکھوں سے پانی آنا دور ہوتا ہے

ھُوالشافی :۔ کشنیز خشک چھ تولہ سرکہ میں رات بھر بھگو کر خشک کر لیں۔ اور باریک چھان لیں، پھر دار چینی، ملٹھی، سونف، زیرہ سفید ہر ایک تولہ تولہ۔ چینی ۱۲ تولہ شامل کر کے باریک سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک :۔ چھ ماشہ سے ایک تولہ تک، دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔

فوائد :۔ نیند لاتا اور دردوں کو تسکین دیتا ہے۔ تشنج، مرگی اور پاگل پن کے لیے مفید ہے۔

## دردِ شقیقہ

یہ ایک قسم کا شدید دردِ سر ہے جو نصف حصہ سر میں ہوتا ہے۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو کنز المجربات، جلد اوّل۔

(۷)

ھُوالشافی :۔ اسطوخودوس چھ ماشہ، تخم دھنیا چھ ماشہ، مرچ سیاہ سات دانہ۔ جملہ ادویہ کو پانی میں گھوٹ کر صاف کر کے بغیر نمک یا مصری کے سورج چڑھنے سے پہلے استعمال کریں۔

فوائد :۔ دردِ عصابہ اور شقیقہ کے لیے تریاق الاثر ہے۔

(۸)

ھُوالشافی :۔ ہلیلہ زرد، ہلیلہ کابلی، ہلیلہ سیاہ آملہ، پوست ہلیلہ مقشر

Qureshi

کشنیز خشک ہر ایک پانچ تولہ، شہد تمام ادویات سے تین گنا حسب دستور اطریفل تیار کریں۔
ترکیب استعمال :- ۹ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان یا دودھ۔
فوائد :- درد شقیقہ نیز آنکھ اور کان کے درد کو زائل کرتی ہے۔

(۹)

ھُو الشافی :- سبز دھنیا کے پتوں کا پانی ایک تولہ، کافور ایک رتی حل کر کے دونوں نتھنوں میں چند قطرے ٹپکائیں۔ اور قدرت خدا ملاحظہ فرمائیں۔

### (۱۰) درد عصابہ :

ھُو الشافی :- کافور کا ٹکڑا جو چنے کے برابر ہو، لے کر آفتاب طلوع ہونے سے ڈیڑھ گھنٹہ پیشتر منقیٰ کے دانہ میں لپیٹ کر یا بتاشہ میں رکھ کر پانی سے کھلا دیں۔ سورج نکلنے کے بعد دھنیا ۵ ماشہ پانی میں گھوٹ کر مصری سے شیریں کر کے پلائیں۔ پہلے روز کے استعمال سے ہی درد عصابہ کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔

### (۱۱) صفراوی سر درد :

ھُو الشافی :- کافور ایک تولہ، مغز کشنیز ۲ تولہ۔ برادہ صندل ۳ تولہ۔ ہر سہ کو ملا کر اس میں روح بید مشک اس قدر ملائیں کہ تر ہو جائیں۔ پھر گرمی سے ہونے والے درد سر کے لیے سونگھیں۔ آرام ہوگا۔

### (۱۲) دموی درد سر :

ھُو الشافی :- خشک دھنیا کوٹ کر بقدر چار ماشہ ٹھنڈے پانی سے پھانک لیں۔ اور اسی کو پانی میں پیس کر ماتھے اور تالو پر لگائیں۔ درد سر دموی کا علاج ہے۔

---



## چکر آنا

اکثر گرمی اور دماغ کی کمزوری کی وجہ سے انسان کو چلتے چلتے یا دیر تک بیٹھے رہنے سے کھڑے ہونے سے سر گھوم کر چکر آ جاتا ہے۔ اس چکر کو دور کرنے کے لیے مندرجہ ذیل نسخے مفید ہیں۔

(۱۳)

ھُو الشافی :- اگر ہرا و سبز دھنیا میسر آ سکتا ہے، تو اس کا پانی نکال کر روزانہ بقدر ۳ ماشہ پانی اور مصری ملا کر پلایا کریں۔ ان شاء اللہ پانچ چھ روز میں آرام ہوگا۔ ورنہ دھنیا خشک بقدر ۶ ماشہ ٹھنڈائی کی طرح گھوٹ چھان کر مصری ملا کر پلایا کریں بفضلہ اس سے بھی آرام ہو جائے گا۔

(۱۴)

ھُو الشافی :- گرمی کی وجہ سے سر چکرائے یا آنکھوں تلے اندھیرا چھا جائے تو خشک دھنیا چھ ماشہ اور چھوٹی الائچی پانچ عدد کو ذرا کوٹ کر رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح نتھار کر مصری یا کھانڈ سے میٹھا کر کے پئیں۔ تین روز پینے سے شکایت رفع ہو جائے گی۔

(۱۵)

ھُو الشافی :- کشنیز خشک ۳ ماشہ کا شیرہ نکال کر شربت بنفشہ سے شیریں کر کے دن میں دو تین دفعہ پلائیں۔
فوائد :- سر میں چکر آنا۔ گرمی کے باعث آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا کے لیے بہت مفید ہے۔

## آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا

یہ بیماری بھی گرمی اور دماغ کی کمزوری سے ہوا کرتی ہے۔ اس سے اچانک

Qureshi

مریض کی آنکھوں کے آگے اندھیرا سا چھا جاتا ہے۔ کبھی کالے رنگ یا پیلے رنگ کا پردہ سا تن جاتا ہے۔ اس کی بہت آسان دوا نیچے لکھی جاتی ہے۔

## (۱۶) میٹھی چٹنی :

ھُوالشافی :- کشنیز یعنی دھنیا ۱ تولہ لے کر کوٹ لیں اور اس کو آدھ سیر پانی ڈال کر آگ پر پکائیں جب تمام پانی جل کر صرف دس تولہ ہی آرہے تو اس کو چھان کر دس تولہ مصری ملا کر پکائیں۔ جب پک کر گاڑھا سا قوام ہو جائے تو اُتار لیں۔ بس میٹھی دوا تیار ہے۔ روزانہ ۷ ماشہ کی مقدار چٹایا کریں۔

# مرگی

## (۱۷)

ھُوالشافی :- گو یہ تو نہیں کہا جاسکتا کہ کشنیز سے مرگی کو بالکل آرام ہو جاتا ہے۔ البتہ اتنا ضرور ہوتا ہے کہ جس مریض کو مرگی کا دَورہ گرمی کی وجہ سے پڑتا ہو۔ اگر اس کو اکثر کشنیز کی چٹنی باسی روٹی سے استعمال کراتے رہیں تو اس سے دَورہ بہت دیر سے پڑنے لگتا ہے۔ کیونکہ کشنیز سے بخارات اٹھنے بند ہو جاتے ہیں۔

# نیند نہ آنا

نیند اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ دن بھر کی تکان نیند آجانے سے دُور ہو جاتی ہے۔ مگر اس نعمت کی قدر اس شخص کو معلوم ہوتی ہے جو اس نعمت سے محروم ہو جائے۔ نیچے ایک ایسا نسخہ عرض کیا جاتا ہے کہ جس سے چند روز کے اندر نیند آنے لگ جاتی ہے۔

## (۱۸) نیند لانے والا شربت :

ھُوالشافی :- سبز دھنیا کوٹ کر پانی نکال لیں جس قدر پانی ہو اس کے برابر



مصری یا دیسی کھانڈ ملا کر آگ پر رکھ کر شربت تیار کریں۔ اور روزانہ پانی ڈال کر پلاتے رہیں اس سے اِن شاء اللہ بہت جلد نیند آنے لگتی ہے

# سَر کا گنج

بال انسان کی زیب و زینت اور سنگار ہے۔ بالوں کے بغیر انسان نہایت بھدا معلوم ہوتا ہے۔ گنج ایک ایسی بیماری ہے کہ جس سے انسان بالوں کی نعمت سے محروم ہو جاتا ہے۔

## (۱۹) بال پیدا کرنے کی دوا :

ھُوالشافی :- سبز دھنیئے کا پانی لے کر سر پر لگایا کریں۔ اگر اس کی موسم نہ ہو تو خشک دھنیا نہایت باریک پیس کر روزانہ لیپ کریں۔ اِن شاء اللہ چند روز کے لیپ کرنے سے گنج دور ہو جائے گا۔ بالکل آسان چٹکلہ ہے۔

## (۲۰) روغن کشنیز مفرد :

سبز کشنیز کا پانی آدھ سیر لے کر اس میں میٹھا تیل آدھ سیر ملا کر قلعی دار دیگچی کے اندر رکھ کر آگ پر رکھیں۔ جب تمام پانی جل کر صرف تیل باقی رہ جائے تو آگ سے اُتار لیں اگر دل چاہے تو بازار سے کوئی خوشبودار رنگ لے کر ملا لیں۔ جو تیلوں میں ملائے جاتے ہیں۔ اس کے سر پر لگاتے رہنے سے بفضلہ دماغ کو ٹھنڈک پہنچتی ہے۔ جس شخص کا سر ہر وقت جلتا رہتا ہو اس کے لیے بہت مفید ہے۔ نیز اگر ہاتھ پاؤں کی ہتھیلیاں جلتی رہتی ہوں تو ان پر مالش کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔

گرمی کے بخار میں اگر اس تیل کی بدن پر مالش کی جائے تو بفضلہ اس سے فوراً ٹھنڈک پڑ جاتی ہے۔ اور بخار اُتر جاتا ہے۔

Qureshi

## چھینکیں زیادہ آنے کا علاج

(۲۱)

بعض شخصوں کو نزلہ کی وجہ سے لگاتار چھینکیں آنے لگتی ہیں۔ اگر نزلہ گرم ہو (جس کی بڑی پہچان یہ ہے) کہ گرمی کے موسم میں زیادہ آتی ہیں۔ نیز اندر سے زرد رنگ کا پانی نکلتا ہے) تو اس کے لیے سبز کشنیز کا پانی سونگھاویں۔ اس سے ان شاء اللہ چھینکوں کا آنا بالکل بند ہو جاتا ہے۔

(۲۲)

ھُوالشافی :۔ خشک دھنیے کو جو کوب کر کے پوٹلی میں باندھ لیں اور بار بار سونگھتے رہیں چھینکیں آنا بند ہو جائیں گی۔

## نزلہ و زکام

(۲۳)

یہ معجون نزلہ زکام کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے۔ نیز مقوی دماغ ہے۔

ھُوالشافی :۔ خشخاش اور دال ماش کو رات کے وقت پانی میں تر کرکے صبح ماش کے چھلکے صاف کر کے ہر دو کو علیحدہ علیحدہ گھوٹ کر روغن زرد بیس تولہ میں دونوں کو بریاں کر کے ساٹھ تولہ چینی کا قوام بنا کر پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ سونف، مغز نارجیل، مغز بادام، مغز پستہ، چار مغز مکہ۔ پانچ تولہ۔ باریک کر کے قوام میں ملا لیں۔ اور دال ماش و خشخاش بریاں بھی شامل کر کے رکھ لیں۔

**مقدار خوراک** :۔ تین تولہ تک استعمال کریں۔

(۲۴)

ھُوالشافی :۔ کشنیز (دھنیا) پانچ تولہ۔ ہرڑ زنگی دو تولہ۔ باریک پیس کر کپڑے سے چھان کر رکھیں۔



**ترکیب استعمال** :۔ تین سے چھ ماشہ صبح و شام تازہ پانی سے دیں۔

**فوائد** :۔ حافظہ کو قوی بناتا ہے۔ نزلہ و زکام کے لیے اکسیر ہے۔ دماغ کو بلغمی رطوبت سے پاک کرتا ہے۔ جریان، احتلام کے لیے بھی بہت مفید ہے۔

## سدر دوار

مندرجہ ذیل نسخہ کامل ولی اللہ اور مشہور اہل حدیث عالم سید مولا بخش کا عطا فرمودہ ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ میرے والد بزرگوار کو سدر دوار کی شدید تکلیف ہو گئی ہر قسم کا علاج معالجہ کیا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ اس موقعہ پر ایک سنیاسی نے کہا کہ :۔

(۲۵)

ھُوالشافی :۔ تخم دھنیا کو توے پر رکھ کر خوب گرم کریں۔ حتیٰ کہ وہ سرخ ہو جائے رات بھر اُسے سرکہ میں تر رکھیں اور صبح کو خشک کر کے پیس لیں۔ اُس میں ہم وزن چینی شامل کریں اور بوقت ضرورت ۹ ماشہ کی مقدار میں پھانک لیں۔

## (۲۶) معجون نسیان :

ھُوالشافی :۔ کشنیز ۵ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ، ہلیلہ سیاہ، آملہ ہر ایک ۲ تولہ۔ گاؤزبان بادیان، صمغ عربی کتیرا۔ اسطوخودوس خطمی خبازی، تخم خرفہ۔ تخم کاہو۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ طباشیر۔ گل سرخ ہر ایک ۱ تولہ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم تربوز۔ مغز نارجیل تازہ ہر ایک ۳ تولہ خشخاش سفید ۱۲ تولہ۔ مغز بادام مقشر ۱۰ تولہ۔ ورق نقرہ ۱ تولہ۔ قند سفید ۱½ سیر شہد خالص ۲½ پاؤ حسب دستور معجون بنائیں اور ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک صبح اور رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ یا عرق گاؤزبان استعمال کرائیں۔

**فوائد** :۔ نسیان ضعف دماغ، دردسر۔ نزلہ و زکام اور دوران سر میں مفید و مجرب ہے۔

Qureshi

# آنکھوں کی بیماریاں

آنکھوں کی بیماریوں میں جن چند مرضوں کے لیے دھنیا مفید ثابت ہوتا ہے ۔ وہ نیچے لکھی جاتی ہیں ۔ استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں ۔

## آنکھیں دُکھنا

اگر آنکھیں گرمی کی وجہ سے دُکھتی ہوں ۔ جس کی شناخت کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اوّل تو وہ گرمی کے موسم میں دکھیں گی ۔ دوسرے اس میں سے پانی نہیں نکلے گا ۔ بلکہ خشک حالت میں ہی دکھتی ہوں گی ۔ تیسرے آنکھوں کو گرمی سی محسوس ہوتی ہوگی ۔ گویا مریض کو جلتی ہوئی معلوم دیں گی ۔ ان کے لیے نیچے دو عمدہ اور مفید نسخے عرض کیے جاتے ہیں ۔

(۲۷)

ھُوالشافی :۔ دھنیا ۱ تولہ ۔ کافور ۱ ماشہ باریک پیس کر ململ کے صاف کپڑے میں پوٹلی باندھ کر عرق گلاب یا پانی ملا دیں اور اس طریقہ سے آنکھوں پر پھراویں کہ پانی کی بوندیں آنکھ کے اندر بھی چلی جاویں ۔ اس سے ان شاء اللہ فوراً ٹھنڈک پڑ جائے گی ۔

(۲۸)

ھُوالشافی :۔ سبز دھنیے کا رس ۔ عورت کا دودھ برابر وزن ملا کر آنکھ میں ڈالنے سے بفضلہٖ فوراً درد بند ہو جائے گا ۔

(۲۹)

ھُوالشافی :۔ آنکھیں دکھنی آجائیں تو شروع ہی میں ہرے دھنیے کا پانی دو دو چار چار قطرے آنکھوں میں ڈالتے رہیں اور اسی کو آنکھوں پر لگاتے رہیں ۔ بہتر ہے ،



کر اس پانی میں کپڑا تر کر کے بار بار رکھیں ، اس سے سُرخی جلن ، درد ، کھٹک ، ٹیس چبھنی کو ایک ہی روز میں آرام ہو جاتا ہے ۔

(۳۰)

ھُوالشافی :۔ خشک دھنیے کو بکری یا بھیڑ کے دودھ میں پیس کر لیپ کیا جائے یا آنکھوں پر رکھا جائے تو اور بھی مفید ہے ۔ اس عمل کو دن میں کئی بار دہراتے رہیں ۔ ان شاء اللہ تکلیف رفع ہو جائے گی ۔

(۳۱)

ھُوالشافی :۔ کشنیز کے پانی میں مرجان کو پیس کر آنکھوں میں بطور سُرمہ لگائیں ۔

فوائد :۔ آنکھ کی بینائی کو بہت طاقت دیتا ہے اور جالا دھند کو دور کرتا ہے ۔

(۳۲)

ھُوالشافی :۔ مازو سبز چھ ماشہ ۔ پھٹکڑی بریاں تین ماشہ کو آبِ کشنیز میں پیسیں اور آنکھوں میں بطور سرمہ لگانے سے ڈھلکا کو بہت مفید ہے ۔

(۳۳)

ھُوالشافی :۔ اگر کسی وجہ سے آنکھ کا سفید حصہ سُوج جائے اور اس کی سوجن کسی طرح بھی ختم نہ ہو تو آنکھ کو دھنیے کے جوشاندے سے دھوئیں اور دھنیے اور جو کی پلٹس بنا کر آنکھ پر باندھیں چند بار کے استعمال سے ان شاء اللہ دیرینہ سے دیرینہ سوج اُتر جائے گی ۔

Qureshi

# ناک اور منہ کی بیماریاں

## نکسیر:

ناک کی رگیں خون سے بھر کر جب پھٹ جاتی ہیں۔ تو وہ خون ناک کی راہ سے بہنے لگتا ہے۔ یہ بیماری عام طور پر گرمی کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اس مرض کو دُور کرنے کیلئے دھنیا بہت مفید شے ہے۔ چند نسخے نیچے لکھے جاتے ہیں۔

(۳۴)

ھُوالشافی:۔ سبز دھنیے کا پانی لے کر مریض کو سونگھائیں نیز سبز پتے باریک پیس کر پیشانی پر لیپ کریں۔ اس سے خدا کی مہربانی سے نکسیر کا جاری خون بند ہو جائیگا

(۳۵)

ھُوالشافی:۔ دھنیاں خشک لے کر باریک پیسیں اور اس میں قدرے جَو کا آٹا اور ملتانی مٹی ملا کر پیشانی پر لیپ کریں۔ نیز اندرونی طور پر دھنیاں ۶ ماشہ باریک پیس کر مصری ملا کر پلا دیں۔ ان شاءاللہ نکسیر بند ہو جائے گی۔

(۳۶)

ھُوالشافی:۔ دھنیا خشک کو لوہے کے توے پر رکھ کر نرم نرم بھونیں پھر میدے کی طرح باریک کر کے نسوار کے طور پر ناک میں پھونکیں تو اس سے بھی خون نکسیر بند ہو جاتا ہے۔

(۳۷)

ھُوالشافی:۔ کافور کو آب گشنیز سبز میں حل کریں۔ پھر اُسے ناک میں سرکیں فوراً نکسیر بند ہو گی۔



(۳۸)

ھُوالشافی:۔ تخم گشنیز کو کسی پتھر کی چیز پر رکھ کر آگ پر بھونیں۔ پھر اسے نہایت باریک پیس کر بطور نسوار لیں۔

(۳۹)

ھُوالشافی:۔ کشنیز خشک ایک تولہ کو سردائی کی طرح گھوٹ کر پینا اس مرض کے لیے بے حد مفید ہے۔ بشرطیکہ یہ مرض گرمی کی وجہ سے پیدا ہُوا ہو۔

(۴۰)

ھُوالشافی:۔ تخم گشنیز ایک تولہ۔ تخم کاہو چھ ماشہ کی سردائی کو مصری سے شیریں کر کے پینا نکسیر کو بند کرتا ہے۔

(۴۱)

ھُوالشافی:۔ لونگ ایک عدد کو آب کشنیز میں کھرل کریں۔

**ترکیب استعمال:۔** اس محلول کو ناک میں سرکیں۔ ناک سے جو بدبو آتی ہو، اس کے لیے بہت مفید ہے۔

**نوٹ:۔** نکسیر کے بیمار کو گرم چیزوں اور دھوپ میں چلنے پھرنے سے روکیں۔

**غذا:۔** دلیا گندم دودھ سے دیں۔ اور مریض کو آگ کے قریب ہرگز ہرگز نہ بیٹھنے دیں۔ نیز مریض کو بٹھا کر اس کے سر پر سرد پانی کی دھار باندھ ڈالیں۔ اس سے ان شاءاللہ تعالیٰ لازمی طور پر خون بند ہو جائے گا۔

## منہ آنا

بعض وقت معدہ سے گرم بخار سا اٹھ کر منہ میں آبلے (چھالے) پڑ جانے کا سبب ہو جاتا ہے۔ اس کا مریض کھانا کھانے سے لاچار ہو جاتا ہے۔ اور بہت دُکھ اٹھاتا منہ سے رال سی بہتی رہتی ہے۔ اس کے لیے دو آسان نسخے لکھے جاتے ہیں۔

Qureshi

(۴۲)

ھُوالشافی:- تخم کشنیز یعنی دھنیا حسب ضرورت لے کر اس کو خوب ہی باریک پیس کر سنبھال رکھیں۔ اور بوقت ضرورت منہ پر بُرک دیا کریں۔ خدا کے حکم سے فائدہ ہوگا۔

(۴۳)

ھُوالشافی:- تخم کشنیز ایک تولہ کوٹ کر آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب آدھ پاؤ پانی جل جائے تو سرد ہونے پر چھان کر کلیاں کرائیں۔

(۴۴)

ھُوالشافی:- اگر سبز دھنیا مل سکتا ہو تو اس کوٹ کر پانی نکال لیں۔ اور مریض کو کہہ دیں۔ کہ وہ دن میں کئی مرتبہ آبلوں پر لگایا کرے۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

(۴۵)

ھُوالشافی:- تخم کشنیز اور سالم مسور کو سرکہ یا پانی میں جوش دے کر اسے دیر تک منہ میں رکھیں۔

**ہدایت** :- آبلہ دہن (منہ کے چھالے) والے بیمار کو گرم چیز ہرگز نہ دیں نیز کوئی ایسی چیز نہ دیں جو دیر میں ہضم ہوتی ہو۔ بلکہ ہلکی غذا، دلیا، دودھ، چاول دودھ وغیرہ دیں۔

## (۴۶) منہ کے راستے خون آنا :

ھُوالشافی:- کونپل کیکر۔ برگ انار زم۔ آملہ خشک ہر ایک چار ماشہ۔ دھنیا خشک ۲ ماشہ۔ تمام نیم کوب کر کے رات کو ایک پاؤ پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح مل چھان کر مصری ڈال کر پلائیں۔ فائدہ ہوگا۔

(۴۷)

ھُوالشافی:- منہ سے خون آتا ہو تو خشک دھنیا لے کر توے پر بھون لیں۔



اور باریک پیس کر سات ماشہ صبح اور اسی قدر شام کو ٹھنڈے پانی سے پھانکیں۔ دوسرے ہی روز خون تھوکنا بند ہو جائے گا۔

## (۴۸) منہ اور زبان میں جلن :

اگر منہ اور زبان میں جلن ہو تو ہرے دھنیے کا پانی نکال کر منہ میں پھیرتے رہیں۔ اور سبز دھنیے کو منہ میں چبانا بھی مفید ہے۔

## (۴۹) منہ کی بدبو :

سبز یا خشک دھنیا کو چباتے رہنا بھی منہ کی بدبو دفع کرتا ہے۔

## (۵۰) ہونٹوں کا ورم :

ھُوالشافی:- کافور کو آب کشنیز میں حل کر کے لگانا ہونٹوں کی سوزش دور ہوتی ہے۔

## (۵۱) کوا گرنا :

ھُوالشافی:- دھنیا لے کر پانی میں اُبال لیں۔ پھر صاف کر کے اس پانی سے غرغرے کریں مفید ہے۔

## (۵۲) کان کی پھنسیاں :

ھُوالشافی:- اگر کان میں پھنسی ہو یا کہیں ورم ہو تو مویز منقی کو ہرے دھنیا کے پانی میں پیس کر نیم گرم کر کے لیپ کریں۔ مفید ہے۔

## (۵۳) بہرا پن

عارضی بہرا پن کے لیے سبز دھنیے کا پانی نکال کر نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں۔ ثقل سماعت دور ہوگی۔

Qureshi

کتب خانہ طبیب | Facebook



# گلے اور سینہ کی بیماریاں

## خنازیر یعنی کنٹھ مالا

یہ بیماری بے حد تکلیف دہ و ہلاک کر دینے والی ہے جو کہ دن بدن عام ہوتی چلی جا رہی ہے۔ ڈاکٹروں کا خیال ہے کہ سل کی بیماری اور کنٹھ مالا کی بیماری کے جراثیم ایک ہی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس مرض کا مریض آخر مرض سل میں مبتلا ہو کر جان دیا کرتا ہے اس کے بہت عمدہ اور مجرب نسخے ہم نے کنز المجربات جلد اوّل و دوم میں بیان کر دیے ہیں۔ یہاں پر ایک دو نسخے لکھے جاتے ہیں۔ جس کی مدت تک استعمال کرتے رہنے سے کئی خوش قسمت لوگوں کی مرض تو جڑ سے چلی جاتی ہے۔ ورنہ دبی ضرور رہتی ہے

## خنازیر کے لیے آسان لیپ

(۵۴) هُوالشافی:۔ دھنیا اور جو کا آٹا ہم وزن خوب اچھی طرح پانی میں باریک پیس کر اوپر لیپ کرتے رہیں۔ اس کو ہمیشہ لگاتے رہنے سے خنازیر کو آرام ہو جاتا ہے

(۵۵)

هُوالشافی:۔ کشنیز کے تازہ پتے پیس کر اس میں چنے کا آٹا اور روغن گل ملا کر لیپ تیار کریں۔ اور روزانہ لیپ کراتے رہیں۔ اس سے خدا کی عنایت سے خنازیر کو آرام ہو جاتا ہے۔

## خناق

(۵۶) هُوالشافی: خشک دھنیا ۱ تولہ مسور سالم ایک مٹھی دونوں کو پانی میں



پکالیں۔ پھر چھان کر غرغرے کریں۔

## کھانسی

کھانسی دو قسم کی ہوتی ہے۔ خشک و تر۔ خشک میں کھانسنے سے بلغم نہیں نکلتی اور تر میں بلغم نکلتی رہتی ہے۔ عام طور پر خشک کھانسی گرمی کی وجہ سے ہوا کرتی ہے۔ نیچے گرمی کی وجہ سے ہونے والی کھانسی کے چند نسخہ جات لکھے جاتے ہیں۔

## کھانسی کے لیے مفید چٹنی

(۵۷) هُوالشافی:۔ دھنیا کو کوٹ کر اس کے چاول علیحدہ کر لو۔ اور ان چاولوں کو خوب اچھی طرح باریک پیس کر آٹا سا بنا لو اور ضرورت کے وقت اس میں سے دو نی بھر (۱ ماشہ) لے کر ۸ ماشہ شہد میں ملا کر چٹا دیا کرو۔ اس سے خدا کی عنایت سے گرمی کی کھانسی بالکل دور ہو جاتی ہے۔

## بچوں کی کھانسی کے لیے خاص نسخہ

(۵۸) هُوالشافی:۔ دھنیاں ۱ ماشہ چاولوں کے پانی میں پیس کر قدرے مصری ملا کر پلایا کریں۔ بچوں کی کھانسی کو خاص طور پر مفید ہے۔

Qureshi

# معدہ و آنتوں وغیرہ کی بیماریاں

انسان کی صحت و تندرستی معدہ کی درستی پر موقوف ہے۔ جس انسان کا معدہ درست حالت میں ہو وہ آدمی بہت کم بیمار ہوتا ہے اور اس کے خلاف جس شخص کے معدہ کی حالت درست نہ ہو۔ وہ کبھی درست نہیں رہ سکتا۔

لہٰذا جب کبھی کوئی معدہ کی شکایت ظاہر ہو تو اس کو معمولی سمجھ کر خاموش نہ رہا کریں۔ بلکہ فوراً اس کا علاج کیا کریں۔ معدہ کی اکثر بیماریوں کے لیے فاقہ مفید ثابت ہوا کرتا ہے۔ اسی لیے ہمارے مذہب نے ہم پر ایک مہینہ کے روزے فرض کر دیئے ہیں۔ جو شخص روزے رکھتا ہے وہ صرف یہی نہیں کہ ثواب کا حقدار ہوتا ہے بلکہ اس سے بہت ساری بیماریوں سے بھی بچا رہتا ہے۔ معدہ کی چند بیماریوں کا بیان نیچے کیا جاتا ہے۔

## ہچکی

اگر ہچکی دیر تک بند نہ ہو تو اس سے بھی بہت تکلیف ہونے لگتی ہے۔ ہچکی کو بند کرنے کے لیے ہم ایک بالکل آسان نسخہ عرض کرتے ہیں جو کہ ایک قسم کا چٹکلہ ہے۔ جس کو ہم پہلے کنز المفردات (مصنفہ مولوی محمد عبداللہ صاحب منڈی جہانیاں ضلع ملتان) میں بھی لکھ چکے ہیں۔

## ہچکی کو بند کرنے کا آسان نسخہ

(۵۹) ھو الشافی۔ دھنیا خشک حسب ضرورت لے کر مٹی کی کوری چلم میں



بجائے تمباکو کے رکھ کر حقہ میں رکھیں اور کش لگائیں۔ ان شاء اللہ فی الفور آرام ہوگا۔

## بھوک نہ لگنا

(۶۰) ھو الشافی۔ اگر بھوک بہت کم لگتی ہو تو سبز دھنیے کے پتوں کا رس نکال کر اندازاً دو تولہ روزانہ پلائیں۔ تین دن میں بفضلہ بھوک اچھی طرح لگنے لگے گی۔ بچوں کو خوراک بہت کم دیں۔

## ڈکار آنا

کبھی کبھی ڈکار آنا برا نہیں۔ لیکن جب ڈکار زیادہ آنے لگیں، تو یہ بھی بیماری میں شمار ہوتے ہیں۔ ان کو بند کرنے کے لیے نیچے لکھا ہوا لیپ کرنا چاہیئے۔

(۶۱) ھو الشافی۔ دھنیا۔ برادہ صندل سفید۔ جو کا آٹا سب کو باریک پیس کر معدہ کی جگہ پر لیپ کریں۔ اس سے معدہ میں طاقت آئے گی اور ڈکاروں کا آنا بند ہو جائے گا۔

(۶۲) ھو الشافی۔ اگر گرمی کی زیادتی کی وجہ سے ڈکار شروع ہو جائیں تو اس کو رفع کرنے کے لیے معدے کو طاقت دینا ضروری ہے۔ اگر کھانا کھانے کے بعد تھوڑا سا دھنیا چبا لیا جائے تو ڈکار آنے بند ہو جاتے ہیں۔

## بچوں کا پیٹ درد

(۶۳) ھو الشافی۔ بچوں کے پیٹ درد کے لیے دھنیاں بقدر ۱ ماشہ پانی میں گھوٹ چھان کر بچہ کو پلائیں۔ اس سے بچہ کو خدا کی مہربانی سے پیٹ درد کو آرام ہو جائے گا۔

Qureshi

## قے دور کرنے کے لیے چٹکلہ

(۶۴)

ھُوالشافی:۔ جب قے کسی طرح بند ہونے میں نہ آتی ہو تو سبز دھنیے کا پانی تھوڑے تھوڑے وقفہ سے گھونٹ گھونٹ کر کے پلانا چاہیئے۔ اس سے فوراً قے بند ہو جاتی ہے۔

(۶۵)

ھُوالشافی:۔ دھنیا ا تولہ گھوٹ چھان کر مصری ملا کر گھونٹ گھونٹ پلانے سے بھی قے بند ہو جاتی ہے۔

(۶۶)

ھُوالشافی:۔ برگ کشنیز ۹ ماشہ ہمراہ اجوائن چار ماشہ۔ نمک ۶ ماشہ گھوٹ کر پلائیں قے یا دست خواہ کسی قسم کے ہوں بند ہوں گے۔ ہیضہ کو مفید ہے۔

## دست آنا

(۶۷)

ھُوالشافی:۔ دھنیاں حسب ضرورت لے کر باریک پیس لیں اور اس مریض کو جس کو دست آتے ہوں۔ ایک پھانکی چھاچھ سے دیں۔ دن میں تین دفعہ دیں۔ اس سے خواہ کتنے ہی دست آ رہے ہوں خدا کے فضل سے بند ہو جاتے ہیں۔

(۶۸)

ھُوالشافی:۔ دھنیاں لے کر اس کو گرم ریت میں دستور کے موافق بھون لیں اور پھر اس کو باریک پیس لیں۔ خوراک ۶ ماشہ ہمراہ دہی یا چھاچھ یا پانی دیں۔

## خون کے دست آنا

اگر دستوں میں خون آتا ہو۔ تو اس کے لیے نیچے لکھے ہوئے طریقہ سے دھنیاں استعمال کرائیں۔ اس سے بہت جلد خون بند ہو جاتا ہے۔



(۶۹)

ھُوالشافی:۔ دھنیا ا تولہ پانی میں سردائی کے طور پر گھوٹ چھان کر اور مصری ملا کر پلائیں۔ بفضلہٖ ایک ہی روز میں بہت سا آرام ہو جاوے گا۔

## معدہ کی کمزوری

جس شخص کے معدہ میں غذا بہت کم ٹھہرتی ہو۔ یعنی بہت جلد پاخانہ کے راہ اچھی طرح ہضم ہوئے بغیر نکل جاتی ہو۔ تو ایسی صورت میں نیچے لکھا ہوا نسخہ برتیں۔

(۷۰)

ھُوالشافی:۔ دھنیا ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ نمک ۲ تولہ باریک پیس کر چورن بنالیں۔ خوراک صرف ۳ ماشہ کھانا کھانے کے بعد دیا کریں۔

## جمالگوٹہ کا تریاق

جمال گوٹا ایک مشہور دوا ہے۔ جس کو لوگ جلاب دینے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ لیکن ایسے لوگ بہت کم ہیں جو اس کے مصلح سے واقف ہوں چونکہ جمال گوٹہ ایک بہت سخت جلاب ہے۔ اس لیے بعض اوقات بعض شخصوں کو جلاب بند ہی نہیں ہوتا اور وہ دستوں کے بند نہ ہونے کی وجہ سے جان سے مرجاتے ہیں۔ جلاب دینے والا حکیم ایسے خطرناک وقت میں پہلے ہی بھاگ جاتا ہے۔ افسوس ہے ایسے حکیموں پر اور ایسے لوگوں پر جو اناڑی حکیموں سے علاج کراتے ہیں۔

ہم آپ کو نیچے ایک ایسی دوا بتاتے ہیں۔ جس سے اگر مریض کو جمال گوٹہ کا جلاب چل گیا ہو۔ تو فوراً بند ہو جاتا ہے۔ بڑی ہی بے نظیر دوا ہے جس کو ہم نے اچھی طرح تجربہ کر کے دیکھا ہے۔ اس نسخہ کے بیان کرنے سے پہلے تمہیں ایک حکایت سناتے ہیں۔ جس سے تمہیں اس دوا پر بہت اعتماد ہو جائے گا۔

Qureshi

# حکایت

(۷۱)

ہمارے گاؤں کی بات ہے۔ کہ لالہ دیوی چند کے کارخانہ میں کام کرنے والوں میں سے دو تین شخصوں نے غلطی سے جمال گوٹہ کے مغزوں کو پستہ سمجھ کر کھا لیا۔ اب آپ ہی اندازہ لگا لیں کہ جس کا ایک دانہ دس پندرہ جلاب لانے کی طاقت رکھتا ہے۔ اس کا میوہ سمجھ کر کئی دانے کھا جانا کچھ ظلم نہ ڈھائے گا۔ چنانچہ تھوڑی دیر میں دل گھبرانے لگا۔ تو انہوں نے خبر کی کہ خدا جانے ہم پستہ سمجھ کر کیا کھا گئے۔ فوراً لالہ جی کے آدمی مجھے بلا کر لے گئے۔ نیز ڈاکٹر رگھوناتھ رائے صاحب کو بھی بلا لیا۔ ڈاکٹر صاحب نے تو صاف کہہ دیا کہ ہمارے ہاں اس کا کوئی خاص علاج نہیں۔ صرف یہ ہے کہ انڈوں کی سفیدی کو دودھ میں پھینٹ کر پلاؤ۔ لیکن اس نسخہ پر لالہ جی کا اعتقاد نہ جما۔

البتہ میں پہلے سے ہی گھر سے دوا تیار کر کے لے گیا تھا۔ میں نے جاتے ہی اس دوا کی چٹکی چھاچھ سے دلانی شروع کر دی۔ بس جوں ہی دوا اندر پہنچی۔ جمال گوٹہ سے پیٹ کی بھڑکی ہوئی آگ اور پیاس مروڑ وغیرہ کو آرام ہونا شروع ہو گیا۔ اور تھوڑی دیر کے بعد وہ تمام کے تمام جن کے اوسان خطا ہو رہے تھے بالکل تندرست ہو گئے۔ گو ایسے نسخوں کو حکیم لوگ اپنے سینہ کے اندر چھپا کر رکھا کرتے ہیں۔

لیکن میں ایسے نسخے کو چھپا کر رکھنا گناہ سمجھتا ہوں۔ اگر تم کو کہیں ایسا موقعہ پڑ جائے تو ضرور اس نسخہ سے فائدہ اٹھانا۔ اور نسخہ بتانے والے کے حق میں صرف دعا کر چھوڑنا۔ اللہ اللہ خیر صلا۔

نسخہ متبرکہ یہ ہے :-

ھُوالشافی :- دھنیا ضرورت کے موافق لے کر خوب باریک پیس لیں اور اس میں سے ۱۰ ماشہ لے کر آدھ پاؤ دہی جس کو مصری سے میٹھا کر لیا ہو۔ دے دیں اور ۵-۵ منٹ کے بعد اسی طرح ۱۰ ماشہ دھنیا پسا ہوا اور دہی مصری ملی ہوئی پلاتے رہیں اگر شروع میں ایک دو بار قے آ کر نکل بھی جائے تو بھی پرواہ نہ کریں۔ بلکہ اسی طرح دیتے رہیں۔ آہستہ آہستہ خود ہی ہضم ہونے لگے گا۔ اس کے اندر پہنچتے ہی گھبراہٹ بے چینی دست دقے وغیرہ بند ہو جاتے ہیں۔ دوا کا استعمال اس وقت تک جاری رکھیں جب تک کہ بالکل آرام نہ ہو جائے۔



**نوٹ** :- اگر دہی بروقت نہ مل سکے تو چھاچھ گاڑھی سی دے دیں تو اس سے بھی کام چل جائے گا۔ پورا ہزار روپے کا نسخہ ہے، یاد رکھنا۔

## تبخیر معدہ

(۷۲)

ھُوالشافی :- ایک مریض جو سوداوی امراض میں مبتلا تھا۔ اس کو گرمی کے موسم میں شام کے وقت تبخیر ہونے اور معدہ کی خرابی کے باعث اعصاب متاثر ہو کر سر درد کی شکایت ہو جاتی تھی۔ میں نے اس کو دھنیا پیس کر مصری ملا کر ایک ماشہ پانی کے ساتھ دیا۔ دوسرے دن مریض نے بتایا کہ مجھے آرام ہو گیا ہے۔

(۷۳)

جناب حکیم فرید احمد صاحب عباسی، جنہیں اطباء نے بابائے طب کا لقب دے رکھا ہے۔ فرماتے ہیں کہ تبخیر معدہ کے لیے میرے تجربہ میں مندرجہ ذیل چٹکلہ بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

ھُوالشافی :- کشنیز خشک کا سفوف ۱ تولہ۔ چینی کھانڈ ۹ تولہ خوب ہی کھرل کریں۔ خوراک ۱ ماشہ سے ۳ ماشہ تک۔

Qureshi

# دل کی بیماریاں

دل تمام وجود کا بادشاہ ہے۔ اس کو بیماری لگ جانا بہت خطرناک ہے۔ نیز دل کی بیماری کا علاج عام طور پر قیمتی دوائیوں سے ہُوا کرتا ہے۔ لیکن ہم بہت آسان سے نسخے لکھتے ہیں۔ جن پر کچھ خرچ نہیں ہوتا۔

## دل کا دھڑکنا

۷۴

ھُوالشافی:۔ دھنیاں ۵ تولہ کوٹ چھان کر مصری ۵ تولہ ملا کر رکھیں۔ اور روزانہ سات ماشہ سرد پانی کے ہمراہ کھایا کریں۔ ان شاءاللہ ضرور دل کے دھڑکنے کو آرام ہوگا۔

۷۵

ھُوالشافی:۔ دھنیا کو کوٹ کر رات کے وقت مٹی کے کورے کوزے کے اندر آدھ سیر پانی ڈال کر بھگو دیں۔ اور صبح مل چھان کر مصری ملا کر پلا دیں۔

۷۶

ھُوالشافی:۔ کشنیز خشک کو سفوف کر کے چھ ماشہ صبح اور اسی قدر شام کو عرق بید مشک سے چند یوم کھلائیں۔

فوائد:۔ دل کے پھڑکنے کے لیے بہت مفید ہے۔

۷۷

ھُوالشافی:۔ صرف وقتی ضروریات کے لیے آب کشنیز میں صندل کو گھوٹ کر دل کے مقام پر ضماد کریں۔



۷۸

ھُوالشافی:۔ کشنیز اور کافور کو عرق گلاب میں گھوٹ کر دل کے مقام پر لگائیں۔

فوائد:۔ کچھ دیر کے لیے دل کو سکون ہوگا۔

## ورم قلب

۷۹

ھُوالشافی:۔ کافور تین ماشہ۔ صندل ۳ ماشہ۔ کشنیز ۱ تولہ باریک پیس کر برف کے پانی سے طلاء کریں۔ ان شاءاللہ فوراً فائدہ ہوگا۔

## پیاس

۸۰

ھُوالشافی:۔ دھنیاں خشک ۲ تولہ کوٹ کر مٹی کے کورے کوزے میں ڈال کر آدھ سیر پانی میں رات کو بھگو رکھیں اور صبح کے وقت ململ کے صاف رومال سے پُن کر اور مصری ملا کر مریض کو تھوڑا تھوڑا پلا دیں۔ اس سے بفضلہٖ پیاس بند ہوگی خواہ پیاس گرمی کے بخار کی وجہ سے ہو یا ویسے، ہر طرح سے فائدہ بخش ہے۔

Qureshi

# مردوں کی خاص بیماریاں

## جریان یعنی دھات گرنا

اگر پیشاب سے پہلے یا درمیان یا پیچھے سفید سفید رنگ کی رطوبت سے پیشاب مل کر نکلے تو اس کو جریان کہتے ہیں۔ یہ بہت بُری بیماری ہے۔ جو آدمی کو گھن کی طرح اندر ہی اندر کھا جاتی ہے۔ مریض خواہ کتنی ہی عمدہ غذا کھائے اس کو ذرا بھر اثر نہیں کرتی۔

## احتلام

خواب میں ناپاک ہو جانے کو احتلام کہتے ہیں۔ یہ مرض عام طور پر اس وقت ہوتا ہے۔ جب انسان کو دن میں بُرے بُرے خیال آتے رہتے ہوں۔ یا ..... میں گرمی پیدا ہو گئی ہو۔ دونوں بیماریوں کے لیے ایک ہی بالکل آسانی سے بننے والا نسخہ نیچے لکھا جاتا ہے۔

## جریان احتلام کے لیے خوشبودار میٹھی دوا

(۸۱)

اس نسخہ کو دہلی کے ایک خاندانی حکیم صاحب بنایا کرتے ہیں جو آج کل لاہور میں مطب کرتے ہیں۔ وہ اس دوا کی ایک خوراک دو آنہ میں دیا کرتے ہیں۔ چونکہ دوا کی شہرت ہو چکی ہے۔ اس لیے لوگ خوشی سے لے جاتے ہیں۔ حالانکہ لاگت ایک پیسہ بھی نہیں آتی

**ھُوالشافی:۔** دھنیاں باریک کوٹ چھان کر برابر مصری ملا لیں۔ بس دوا تیار ہے۔ خوراک صرف ۶ ماشہ صبح کے وقت سرد پانی سے کھلایا کریں۔ سات روز



ہر طرح کافی ہے۔ اس کی دو تین خوراک سے ہی جریان آنا بند ہو جاتا ہے۔ لیکن احتیاط کے طور پر سات روز تک استعمال کرائیں۔ گرم چیزوں سے پرہیز لازم ہے۔

## نفس کو قابو میں کرنیکا نسخہ

(۸۲)

جوانی کے دنوں میں مرد ہو خواہ عورت ہر ایک کے دل میں طرح طرح کے خیالات شیطانی اٹھتے رہتے ہیں۔ ان کا اصل علاج تو یہی ہے کہ شادی کر دی جائے۔ لیکن بعض موقعہ چند مجبوریوں کی وجہ سے شادی نہیں کرائی جاتی تو ایسے وقت میں نفس کے قابو رکھنے اور عزت سے دن گزارنے کے لیے نیچے ایک بے نظیر نسخہ لکھا جاتا ہے۔ جس کے چند روز کے استعمال سے بُرے خیالات کا اٹھنا بند ہو جاتا ہے۔

**ھُوالشافی:۔** دھنیاں ایک تولہ کافور ۲ ماشہ۔ گوندکیکر ۲ ماشہ تمام کو باریک پیس کر پانی کے ذریعے گولیاں چنے کے برابر بنائیں۔ خوراک ۳ سے ۴ گولی صبح شام اوپر سے دھنیا ایک تولہ پانی میں ٹھنڈائی کے طور پر پسا ہوا مصری ملا کر پلایا کریں

**فوائد:۔** آٹھ دس روز میں گندے خیالات کا اٹھنا قطعاً بند ہو جاتا ہے۔

**نوٹ:۔** بعض لوگوں کا خیال ہے کہ چند روز دھنیاں استعمال کرنے سے انسان کی شہوت بالکل فرد ہو جاتی ہے۔ لیکن یہ غلط ہے گو اس سے چند روز کے لیے فرد ہو جاتی ہے۔ لیکن پھر جب مقوی و محرک ادویات کا استعمال کیا جائے۔ تو پھر از سر نو عود کر آتی ہے۔ اس لیے بلا جھجک اس سے فائدہ حاصل کرنا چاہیے۔

(۸۳)

**ھُوالشافی:۔** کشنیز خشک چھ ماشہ کو سفوف کریں۔

**استعمال:۔** نیلوفر کے شربت کے ساتھ ہذا سفوف استعمال کریں۔

**فوائد:۔** احتلام۔ جریان۔ یرقان کے لیے مفید ہے۔

(۸۴)

**ھُوالشافی:۔** تخم کاہو۔ تخم کاسنی۔ تخم دھنیا۔ تخم خرفہ ہر ایک ایک تولہ پانی

Qureshi

میں پیس کر شربت نیلوفر دو تولہ ملا کر پلائیں مفید ہے۔

## خصیوں کا ورم

(۸۵)

ھُوالشافی :۔ خصیوں کے ابتدائی ورم میں کشنیز سبز یا خشک کا ضماد بھی مفید ہے۔ اسے پانی میں پیس کر نیم گرم کر لیں۔ اور لگاتے رہیں۔

(۸۶)

ھُوالشافی :۔ اگر خصیوں پر ورم آجائے تو اس کے لیے کشنیز کا لیپ مفید ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ سبز دھنیا اور مویز منقیٰ کو شہد خالص میں پیس کر مقام ماؤف پر ضماد کریں۔ ان شاء اللہ چند بار کے استعمال سے فائدہ ہوگا۔

## ذکاوت حس

(۸۷)

ھُوالشافی :۔ کشنیز ۵ تولہ۔ موصلی سفید ۵ تولہ۔ مصری ہم وزن شامل کر کے سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال** :۔ تین ماشہ سے پانچ ماشہ تک حسب حالات مزاج استعمال کرائیں۔ اس نسخہ سے منی کی حدت کم ہو جاتی ہے۔ اس طرح ذکاوت حس کی اصلاح ہوتی ہے نیز مقوی ہے۔

## معجون دافع سرعت

(۸۸)

ھُوالشافی :۔ کشنیز خشک ۱۰ تولہ۔ پوست بلیلہ زرد۔ پوست بھیڑہ۔ بلیلہ سیاہ۔ آملہ، منقیٰ ہر ایک ۵ تولہ کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے کشمش ڈیڑھ پاؤ، قند سفید ۳ پاؤ کا قوام بنا کر معجون تیار کریں۔ اور ۶ ماشہ تا ۱ تولہ صبح شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

**فوائد** :۔ سرعت انزال کو دور کرتی ہے منی کو گاڑھا کرتی اور پیشاب کی نالی کو کشادہ ہو جانے کے لیے مفید و مجرب ہے۔



# مثانہ اور مقعد کی بیماریاں

## سوزاک

(۸۹) ھُوالشافی :۔ دھنیا خشک ایک پاؤ۔ الائچی سبز ۲ تولہ دونوں کو کوٹ کر رات بھر چار سیر پانی میں بھگو چھوڑیں۔ صبح ۴ بوتل عرق کشید کریں اور آدھ پاؤ صبح آدھ پاؤ شام کو بارہ روز تک پیتے رہیں۔ ہر قسم کے سوزاک میں مفید ہے۔ جلن اور ٹیس تو دوسرے ہی روز بند ہو جاتی ہے۔

(۹۰) ھُوالشافی :۔ یہ سفوف بھی ابتدائی سوزاک میں نہایت مفید ہے۔ الائچی سبز ایک تولہ۔ دھنیا خشک تین تولہ۔ ہلدی کی گرہ ۲ تولہ مصری یا کھانڈ ۶ تولہ کوٹ چھان کر رکھیں۔ اور ۶ ماشہ صبح و شام کو بکری کے دودھ یا کچی لسی سے کھاتے رہیں اکسیر ہے۔

(۹۱) ھُوالشافی :۔ کشنیز سبز کا پانی نچوڑ کر بقدر ایک تولہ مصری کے شربت میں ملا کر پلانا سوزاک و سوزش بول میں مفید ہے۔

(۹۲) ھُوالشافی :۔ ہرے دھنیے کا پانی تانبے کے بے قلعی برتن میں ڈال کر بول کے سبز ڈنڈے سے حل کریں۔ جب قدرے گاڑھا ہو جائے تو پچکاری لیں۔

(۹۳) ھُوالشافی :۔ پھٹکڑی بریاں ڈیڑھ ماشہ کو شیرہ کشنیز خشک ۶ ماشہ کے ساتھ کھائیں۔

**فوائد** :۔ سوزاک کے لیے مجرب ہے۔

## (۹۴) پیشاب کا جل کر آنا

ھُوالشافی :۔ اگر پیشاب جل کر آتا ہو تو اس کے لیے بھی دھنیا بہت

Qureshi

مفید ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ دھنیا ۶ ماشہ لے کر پانی میں گھوٹ کر چھان لیں۔ اور اس میں مصری اور بکری کا دودھ ملا کر پیٹ بھر کر پلا دیں۔ دن میں دو دفعہ دینا چاہیے ان شاء اللہ دو تین دن میں پیشاب کی جلن دور ہو جائے گی۔

(۹۵) ھو الشافی :۔ آب کشنیز سبز ایک تولہ میں لعاب اسبغول ملا کر پینا نہایت مفید ہے یا اسبغول ایک تولہ کو شیرہ دکو ۲ ہنیز خشک چھ ماشہ کے ساتھ کھانا بہت مفید ہے۔

**فوائد :۔** اس سے پیشاب کی جلن (سوزش) بند ہو جاتی ہے۔

## نیند میں پیشاب نکل جانا

(۹۶) ھو الشافی :۔ گرمیوں کے دنوں میں کشنیز گھوٹ کر استعمال کرنے سے احتلام، جریان اور مثانہ کی کمزوری کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ نیز رات کو بستر میں پیشاب نکلنے کے لیے بھی مفید ہے۔

## درد سوزش مثانہ

(۹۷) ھو الشافی :۔ خشک دھنیاں ایک تولہ پانی میں پیس کر مصری سے میٹھا کر کے پلائیں۔ یا اسے باریک کوٹ کر کھانڈ کے شربت سے کھلائیں۔

## بواسیر کا خون بند کرنا

اگر بواسیر کا خون سیاہ رنگ کا ہو تو اس کو بند کرنے کی کوشش نہ کریں۔ البتہ جب سرخ رنگ کا خون نکلتا ہو۔ اور اس سے دن بدن مریض کمزور ہوتا چلا جا رہا ہو تو اس وقت خون بند کرنے کی دوا کرنی چاہیئے۔ ایک نسخہ نیچے لکھا جاتا ہے :

(۹۸) ھو الشافی :۔ دھنیا ۶ ماشہ آدھ پاؤ پانی میں گھوٹ چھان کر مصری ۳ تولہ۔ بکری کا دودھ پاؤ بھر بار بار اوٹا کر نیچے اوپر کر کے پلائیں ۔ اس سے بفضلہٖ بواسیر کا خون بند ہو جاتا ہے۔



# متفرقات

## حیض کی کثرت

(۹۹) ھو الشافی :۔ بعض اوقات عورتوں کو خون حیض بہت زیادہ مقدار میں آنے لگتا ہے۔ اور وہ کسی طرح نہیں تھمتا۔ مریضہ کو بے حد کمزوری ہو جاتی ہے۔ ایسے موقعہ پر نیچے لکھا ہوا نسخہ بنا کر استعمال کرانا چاہیے :

دھنیا ۶ ماشہ آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب آدھا پانی جل جاوے تو اتار کر مصری ملا کر نیم گرم پلا دیں۔ اس سے بفضلہٖ تین چار خوراک میں آرام ہو جاتا ہے۔

## حاملہ عورت کی قے

(۱۰۰) ھو الشافی :۔ حمل کے دنوں میں عورت کو اکثر صبح کے وقت قے آیا کرتی ہے۔ جس کی وجہ سے عورت کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ اس کو دور کرنے کے لیے چاولوں کے پانی میں دھنیاں بقدر ۶ ماشہ گھوٹ چھان کر اور مصری سے میٹھا کر کے پلانا چاہیے

## بچہ آسانی سے پیدا ہو

(۱۰۱) ھو الشافی :۔ جس عورت کے بچے رکاوٹ اور تکلیف سے پیدا ہوتے ہوں۔ ان کے لیے چاہیے۔ کہ درد زہ کے وقت ران پر کشنیز کے سبز پتے یا اس کی جڑ لا کر باندھ دیں۔ اس کے باندھنے سے خدا کی عنایت سے بچہ بہت آسانی سے

Qureshi

پیدا ہو جاتا ہے۔

## اسقاط حمل

(۱۰۲)

ھُوالشافی:۔ جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو۔ اگر وہ ابتدا سے لے کر انتہا تک صبح کے وقت دھنیے کے اکیس دانے اور شام کے وقت زیرہ سیاہ کی دو چٹکیاں ٹھنڈے پانی سے نگل لیا کریں تو ان شاء اللہ اسقاط نہ ہوگا۔ اور وقت معین پر بچہ صحیح و سالم تندرست و توانا پیدا ہوگا۔

## شراب کا نشہ دور کرنے کا چٹکلہ

(۱۰۳)

ھُوالشافی:۔ دھنیا خشک (کشنیز) پیس کر برابر مصری ملا کر تھوڑا تھوڑا کھلانے سے شراب کا نشہ ٹوٹ جاتا ہے۔

## پیاز کی بدبو دور کرنا

(۱۰۴)

پیاز کھانے سے جو بدبو آیا کرتی ہے۔ اس کو دور کرنے کے لیے دھنیاں بہت لاجواب چیز ہے۔ پیاز کھانے کے بعد دھنیا چبالیں۔ اس سے فوراً بدبو دور ہو جائے گی اور منہ سے کشنیز کی خوشبو آنے لگ جائے گی۔

## چیچک کے دانے سے آنکھوں کو بچانے کی تدبیر

(۱۰۵) ھُوالشافی:۔ چیچک کے دانے جب آنکھوں میں نکل آتے ہیں تو اس سے لوگوں کی نظر بالکل چلی جاتی ہے۔ اس لیے چاہیے۔ کہ بچے کی آنکھوں میں کبھی کبھی سبز کشنیز کا پانی ڈال دیا کریں۔ خصوصاً ان دنوں میں جن میں چیچک کی وبا پھیل رہی ہو۔ تو ضرور آنکھوں میں ڈالتے رہیں۔ اس سے آنکھ محفوظ رہے گی۔

---



(۱۰۶)

ھُوالشافی:۔ کشنیز کے پانی میں سرمہ کو کھرل کریں۔ اور بطور سرمہ آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد:۔ بدن پر چیچک کے دانے نکلنے سے محفوظ رہتا ہے۔

## ورم یعنی سوج

(۱۰۷)

ھُوالشافی:۔ اگر بدن کے کسی حصہ پر ورم آگیا ہو۔ جس میں گرمی سی محسوس ہوتی ہو تو اس پر کشنیز سرکہ میں باریک پیس کر لیپ کیا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ورم بہت جلد اتر جائے گا۔

(۱۰۸)

ھُوالشافی:۔ کشنیز کے سبز پانی میں صاف کپڑا تر کر کے اوپر رکھ دیں۔ اور جب خشک ہو جایا کرے تو پانی ڈال کر تر کر دیا کریں۔ بہت مفید ہے۔

(۱۰۹)

ھُوالشافی:۔ خشک دھنیا اور کھانڈ ہم وزن پیس کر ٹھنڈے پانی سے ایک تولہ سے دو تولہ کھلاتے رہیں۔

## چھپاکی

(۱۱۰)

ھُوالشافی:۔ سبز یا خشک دھنیے کو پانی میں پیس کر طلاء کیا جائے اور اسی کو مناسب مقدار میں کھلایا کریں تو چھپاکی دور ہو جاتی ہے۔

(۱۱۱)

ھُوالشافی:۔ اکثر حکماء کا تجربہ ہے کہ ہر دھنیے کا ایک چھٹانک پانی آدھ پاؤ شہد میں ملالیں اور اسے سات حصوں میں تقسیم کر کے صبح و شام ایک حصہ پئیں۔ تو پرانی سے پرانی پتی (چھپاکی) دور ہو جاتی ہے۔

Qureshi

## ناسور کو دھونا

(۱۱۲)

**ھُوالشافی:۔** مسور اور دھنیا سرکہ میں جوش دے کر کلیاں کرنا، ناسور کا عجیب علاج ہے۔

## زخم میں سے خون بند کرنا

(۱۱۳)

**ھُوالشافی:۔** اگر زخم سے خون بند نہ ہوتا ہو۔ تو اس کے لیے دھنیا خوب اچھی طرح باریک پیس کر زخم کے اوپر برک دیا کریں۔ اس سے خون فوراً بند ہو جاتا ہے۔

## یرقان

(۱۱۴)

**ھُوالشافی:۔** سبز دھنیے کا پانی مریض یرقان کی آنکھوں میں ٹپکاتے اور ناک میں سڑکتے رہیں۔ تو یرقان کی زردی دور ہو گی۔

## بھڑ کے زہر کا تریاق

(۱۱۵)

**ھُوالشافی:۔** اگر بھڑ کے کاٹتے ہی دو تین پھانکے کشنیز کے سرد پانی سے چبا لیں تو زہر اثر نہیں کرتا۔ بالکل آسان چٹکلہ ہے جو کہ بھڑ کے کاٹے کو مفید ہے۔ نیز سبز دھنیے کا پانی اور سرکہ ملا کر لگانے سے بھی بھڑ کا زہر اُتر جاتا ہے۔

## بھلاوہ کے زہر کا علاج

(۱۱۶)

**ھُوالشافی:۔** اگر بھلاوہ کا تیل بدن پر لگ جاوے۔ تو اس سے بدن پر سوزش اور پھنسیاں سی ہو جاتی ہیں۔ اس کو تسکین (آرام) دینے کے لیے سبز دھنیے کا پانی لگا دیں اس سے خدا کی عنایت سے زہر کا اثر دور ہو کر ٹھنڈ پڑ جائے گی۔

---



## سرطان

سرطان ایک انتہائی خوفناک قسم کا مرض ہے۔ جس کا علاج اطبائے جدید ابھی تک دریافت نہیں کر سکے۔ یونانی حکماء کے پاس اس کے چند موثر نسخے موجود ہیں۔ یہ نسخہ بھی انہیں میں سے ایک ہے اور ہر قسم کے سرطان کے لیے مفید ہے۔

(۱۱۷)

**ھُوالشافی:۔** سبز دھنیا کو سیسے کے کھرل میں کوٹ کر اس کا رس نکال لیں اور ہم وزن روغن گل شامل کر کے سیسہ کے ڈنڈا کے ساتھ ہی خوب رگڑیں اور سرطان پر ضماد کریں۔ ایک ماہ کے مسلسل استعمال سے ان شاء اللہ مفید نتائج برآمد ہوں گے۔

## جوڑوں کا درد

(۱۱۸)

**ھُوالشافی:۔** گرمیوں میں اگر گرمی کی شدت کی وجہ سے جوڑوں میں درد شروع ہو جائے تو تخم دھنیا چار ماشہ۔ ایک تولہ چینی شامل کر کے کھائیں۔ چند بار کے استعمال سے ان شاء اللہ درد رفع ہو جائے گا۔

## کشتہ ہڑتال گئودنتی

(۱۱۹)

**ھُوالشافی:۔** گئودنتی ایک عام اور سستی ملنے والی دھاتوں میں سے ہے اگرچہ ہمارے عوامی دور میں بجز انسانی جان کے کوئی شے سستی نہیں ہے۔ گرانی نے غریب اور متوسط الحال لوگوں کی کمر توڑ رکھی ہے۔ مگر تاہم یہ پھر بھی اس کی قیمت غنیمت ہے اس کے کشتہ کرنے کو تو بس اتنا ہی کافی ہے کہ گئودنتی کی ایک تولہ دو تولہ کی ڈلی لے کر انگاروں میں رکھ دیجیے اور سرد ہونے پر پھولی ہوئی کشتہ کی شکل میں نکال لیجیے۔ مگر ہم اس کے اثرات کو بڑھانے کے لیے یہاں ایک مجرب ترکیب پیش کرتے ہیں جو کہ موسم گرما اور گرمی کی تمام بیماریوں کے لیے آب حیات شے ہے۔ آپ اس کو ذیل کے طریقہ سے کشتہ تیار کر کے بیش بہا

Qureshi

Facebook | کتب خانہ طبیب



فائدہ اٹھائیے۔

**ھُوالشافی**:۔ کشنیز سبز کے پودے کا نغدہ اور اگر نہ مل سکے یا موسم نہ ہو تو پھر خشک کشنیز پاؤ بھر لے کر پانی کی آمیزش سے خوب گھوٹیں اور اس کا گولا سا بنا لیں اور اس کے اندر ۵ تولہ کی ڈلی رکھ کر کوزہ میں بند کر دیں۔ اس پر ۱ اپلوں میں پھونک دیں اور سرد ہو تے پر کمیل کی طرح کا کشتہ برآمد کریں اور اسے کھرل میں پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔

خوراک اس کی ۲ رتی سے ۱ ماشہ تک ہے۔

موسم گرما میں شربت صندل یا دودھ کی لسی سے دیں۔

**فوائد**:۔ بخار جو گرمی سے ہوا ہو، گرمی کا سر درد، گرمی سے دل دھڑکتا ہو، گرمی کی وجہ سے دہاست آئی ہو، حیض کا خون زیادہ مقدار میں آتا ہو، بواسیر کا خون رکنے میں نہ آتا ہو، نکسیر بار بار پھوٹتی ہو، قے کے ذریعے خون آتا ہو۔ ہاتھ پاؤں کے تلوے جلتے ہوں۔ سب کے لیے اکسیر ہے۔

**نوٹ**:۔ چونکہ ہڑتال کا کشتہ ایک طرح کا چونا بن جاتا ہے اس لیے اس میں دوگنی کھانڈ ملا کر استعمال کرانا چاہیے ورنہ زبان اور منہ پر آبلے پڑ جائیں گے یا پانی اور لسی میں حل کر کے پلانا چاہیے۔

Qureshi